أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○

پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی شیطان مردود سے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

1 رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○

اے ہمارے پروردگار! ہماری دعاؤں کو قبول فرمالیجئے۔ بے شک آپ ہی سننے اور جاننے والے ہیں۔

2 رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ص وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ج اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○

اے ہمارے پروردگار! ہم کو اپنا فرمانبردار بنائے رکھیئے اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک گروہ (جماعت) کو اپنا فرماں بردار بنایئے اور ہم کو حج کے قاعدے بتلا دیجئے، ہمیں معاف کر دیجئے۔ بے شک آپ ہی توبہ قبول کرنے والے مہربان ہیں۔

3 رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہم کو دنیا میں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرمانا اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھنا۔

4 رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر ڈال دے۔ ہمارے قدم جما دے اور ہم کو کفار پر فتح دے۔

5 رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ

اے ہمارے پروردگار! اگر ہم سے بھول چوک ہو گئی ہو تو ہم کو نہ پکڑیو۔

6 رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج

اے ہمارے پروردگار! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال دیجئے گا جیسا آپ نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔

7 رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفه وَاغْفِرْ لَنَا وقفه وَارْحَمْنَا وقفه اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

اے ہمارے پروردگار! جتنا بوجھ اٹھانے کی ہم میں طاقت نہ ہو اتنا بوجھ ہم پر نہ ڈال دیجئے ہمارے گناہوں کو درگزر فرمائیے اور ہمیں بخش دیجئے اور ہم پر رحم فرمائیے آپ ہی مالک ہیں اور ہم کو کافروں پر غالب کیجئے۔

8 رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○

اے ہمارے پروردگار! جب کہ آپ ہمیں ہدایت دے چکے ہیں تو اس کے بعد ہمارے دلوں میں ٹیڑھ پیدا نہ ہونے دیجئے اور اپنی طرف سے ہم کو نعمت عطا فرمایئے۔ بے شک آپ بڑے ہی عطا کرنے والے ہیں۔

9 رَبَّنَا اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○

اے ہمارے پروردگار! آپ قیامت کے دن کہ جس کے آنے میں کوئی شک نہیں، سب لوگوں کو جمع کرلیں گے، بے شک آپ ایفائے عہد فرمائیں گے۔

10 رَبَّنَا اِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۚ ○

اے ہمارے پروردگار! بے شک ہم آپ پر ایمان لائے ہیں اس لئے ہمارے گناہوں کو معاف فرمایئے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھئے۔

11 رَبَّنَا اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝

اے ہمارے پروردگار! آپ نے جو کتاب (قرآن کریم) نبی محترم ؐ پر نازل کی اور جو ہدایات ان کے ذریعے ہم تک پہنچائیں ہم اس کی اطاعت کرتے ہیں آپ ہمیں اپنے فرمانبردار بندوں میں شامل کر لیجئے۔

12 رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہمارے گناہ اور زیادتیاں جو ہم اپنے کاموں میں کرتے رہے ہیں معاف فرما اور ہمارے قدم جما دے اور کافروں پر فتح دے۔

13 رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ج سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

اے ہمارے پروردگار! آپ نے ہر چیز ہمارے فائدے کے لئے پیدا کی ہے۔ آپ کی ذات پاک ہے۔ ہمارے اس اعتراف پر ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لیجئے۔

14 رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝

اے ہمارے پروردگار! جس کو آپ نے دوزخ میں ڈالا بے شک وہ رسوا ہو گیا اور یقیناً ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

15 رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ڰ

اے ہمارے پروردگار! ہم نے ایک پکارنے والے کو سنا کہ ایمان کے لئے پکار رہا تھا (یعنی) اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے۔

16 رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ ج

اے ہمارے پروردگار! بخش دے ہمارے گناہ۔ ہماری برائیوں کو ہم سے دھو دے اور ہم کو دنیا سے نیک بندوں کے ساتھ موت دے۔

17 رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہم آپ پر ایمان لے آئے اس لئے آپ ہمیں اپنے فرمانبردار بندوں میں شامل کر لیجئے۔

18 رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

اے ہمارے پروردگار! آپ نے جن جن چیزوں کے ہم سے اپنے پیغمبروں کے ذریعے وعدے کئے ہیں وہ ہمیں عطا فرمایئے اور قیامت کے دن ہمیں رسوا نہ کیجئے گا۔ بے شک آپ ایفائے عہد فرمائیں گے۔

19 رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہم پر آسمان سے (بھرا ہوا) دستر خوان نازل فرمایئے کہ ہمارے لئے (وہ دن) عید قرار پائے ہمارے پہلوں اور پچھلوں کے لیے اور وہ آپ کی طرف سے نشانی ہو اور ہمیں رزق عطا فرمایئے۔ آپ بہتر رزق عطا کرنے والے ہیں۔

20 رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ ۝

اے ہمارے رب! بے شک ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا۔ اور اگر آپ ہمیں نہیں بخشیں گے اور ہم پر رحم نہیں فرمائیں گے تو ہم نقصان اٹھانے والوں میں شامل ہو جائیں گے۔

21 رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہم کو ظالم لوگوں کے ساتھ (شامل) نہ کیجئے۔

22 رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ ۝

اے ہمارے رب! ہم میں اور ہماری قوم میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیجئے۔ اور آپ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والے ہیں۔

23 رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَيۡنَا صَبۡرًا وَّتَوَفَّنَا مُسۡلِمِيۡنَ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر واستقامت کے دہانے کھول دے اور ہم کو حالت اسلام میں موت دینا۔

24 رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَةً لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ۝ وَنَجِّنَا بِرَحۡمَتِكَ مِنَ الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ۝

اے ہمارے رب! ہم کو ظالم لوگوں کے ہاتھ سے آزمائش میں نہ ڈال اور اپنی رحمت سے ہمیں قوم کفار سے نجات دے۔

25 رَبَّنَا اِنَّكَ تَعۡلَمُ مَا نُخۡفِىۡ وَمَا نُعۡلِنُ ؕ وَمَا يَخۡفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنۡ شَىۡءٍ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ ۝

اے ہمارے پروردگار! آپ ہماری چھپی ہوئی اور ظاہر ہر بات جانتے ہیں اور اللہ سے کوئی بات زمین وآسمان کی چھپی ہوئی نہیں ہے۔

26 رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝

اے ہمارے رب! میری دعا قبول فرما۔

27 رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

اے ہمارے پروردگار! حساب (کتاب) کے دن مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور مومنوں کو بخش دیجیو۔

28 رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝

اے ہمارے رب! ہم پر اپنی طرف سے رحمت نازل فرما اور ہمارے کام میں درستی (کے سامان) مہیا کر۔

29 رَبَّنَا اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَا اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ۝

اے ہمارے پروردگار! ہمیں خوف ہے کہ وہ ہم پر تختی کرے یا زیادہ سرکش ہو جائے۔

30 رَبُّنَا الَّذِیْٓ اَعْطٰی كُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی ○

ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی شکل وصورت بخشی پھر راہ دکھائی۔

31 رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ○

اے ہمارے پروردگار! ہم آپ پر ایمان لائے اس لئے آپ ہم کو بخش دیجئے اور ہم پر رحم فرمائیں اور آپ سب سے بہتر رحم فرمانے والے ہیں۔

32 رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ○ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ○

اے ہمارے رب! دوزخ کے عذاب کو ہم سے دور رکھنا اس کا عذاب تو جان کالاگو ہے اور دوزخ ٹھہرنے اور رہنے کی بہت بری جگہ ہے۔

33 رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ○

اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے آنکھ کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہم کو پرہیزگاروں کا امام بنا۔

34 رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ○

ہمارا پروردگار! بخشنے والا قدردان ہے۔

35 رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ○

اے ہمارے پروردگار! آپ کی رحمت اور آپ کا علم ہر چیز کا احاطہ کئے (گھیرے) ہوئے ہے تو جن لوگوں نے توبہ کی اور آپ کا راستہ اختیار کیا آپ ان کو بخش دیجئے اور دوزخ کے عذاب سے بچا لیجئے۔

36 رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِیْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّیّٰتِهِمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّیِّاٰتِ وَمَنْ تَقِ السَّیِّاٰتِ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ وَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝

اے ہمارے پروردگار! اُن کو اور ان کے باپ دادا، ان کی بیویوں اور جوان کی اولاد میں سے نیک ہوں ان کو بھی ہمیشہ رہنے کی بہشتوں میں داخل فرمایئے جس کا آپ نے ان سے وعدہ فرمایا ہے بے شک آپ غالب حکمت والے ہیں۔ اور ان کو برائیوں سے بچالیجئے اور جس کو آپ قیامت کے دن بچالیں گے تو آپ اس پر مہربانی فرمائیں گے۔ اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

37 رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْإِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہمیں اور ہم سے پہلے داخل ایمان ہونے والے ہمارے بھائیوں کو بخش دیجئے اور مومنوں کی طرف سے ہمارے دلوں میں کینہ (وحسد) نہ پیدا ہونے دیجئے گا۔ اے ہمارے پروردگار! آپ بڑے ہی شفقت کرنے والے مہربان ہیں۔

38 رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہم نے آپ پر بھروسا کیا اور آپ کی طرف رجوع کیا اور آپ ہی کی طرف لوٹ کر آنا ہے۔

39 رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

اے ہمارے پروردگار! ہم کو کافروں کے ہاتھوں آزمائش میں نہ ڈالئے گا اور اے پروردگار! ہمیں بخش دیجئے گا۔ بے شک آپ غالب حکمت والے ہیں۔

40 رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

اے ہمارے پروردگار! ہمارے لئے ہماری روشنی پوری کر دیجئے اور ہمیں بخش دیجئے بے شک آپ ہر چیز پر قادر ہیں۔